سوال

(354) گھڑی اور لوہے کی انگوٹھی پہننے کے بارے میں حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گھڑی کو پہننا اس لوہے کو پہننے کی طرح ہے، جس کی ممانعت ہے؟ دائیں ہاتھ میں گھڑی پہننے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انگوٹھی کی طرح کے بھی دائیں بائیں ہاتھ میں پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے نبی ﷺ کے بارے میں ثابت ہے کہ آپ نے دائیں ہاتھ میں بھی انگوٹھی پہنی ہے اور بائیں میں بھی۔ لوہے کی گھڑی اور انگوٹھی پہننے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ "صحیحین" میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے ایک شادی کرنے والے سے بھی فرمایا تھا:

(-التمس ولو كان خاتماً من حديد(صحيح البخاري' النكاح' باب السلطان ولى لقول النبى صلى الله عليه وسلم زوجنكها بما معك من لاقرآن' ح: ٥١٣٥ وصحيح مسلم' النكاح' باب الصداق وجواز كونه تعليم قرآن وخاتم حديد____لخ' ح: ١٤٥-)

''تلاش کرو خواہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔''

نبی ﷺ سے جو یہ روایت کیا جاتا ہے کہ آپ نے لوہے کے استعمال سے نفرت دلائی ہے تو یہ ایک شاذ اور اس حدیث صحیح کے مخالف روایت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص277